موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات
نسلی اقلیتوں کے لئے مساوات کا فروغ

ملازمت

حکومت نسلی اقلیتوں (EMs) کو روزگار کی سہولتیں فراہم کرنے کو انتہائی اہمیت دیتی ہے۔ اس سلسلے میں، لیبر ڈیپارٹمنٹ (LD) نے اپنی روزگار معاونت کی خدمات تک ان کی رسائی کو بڑھانے کے لئے مختلف اقدامات کو پایہ تکمیل تک پہنچایا ہے۔

EM ملازمت کے متلاشیوں کے لئے مفت اور جامع روزگار کی خدمات

موجودہ اقدامات

- روزگار کی خدمات انگریزی اور چینی زبان میں، 13 ملازمت مراکز کے LD کے نیٹ ورک، تین صنعت کی بنیاد پر بھرتی مراکز، ٹیلیفون روزگار خدمت مرکز اور انٹرایکٹو ایمپلائمنٹ سروس (iES) ویب سائٹ (http://www.jobs.gov.hk) کے ذریعے فراہم کی جاتی ہیں۔
- LD نے نسلی اقلیتی رہائشیوں کی ہم آہنگی اور ان کی بڑھوتری کے مرکز (CHEER) کے ساتھ انتظامات کیے ہیں تاکہ ملازمت کے متلاشی جو نہ تو چینی بول سکتے ہیں اور نہ ہی انگریزی، کے لئے مفت تشریحی خدمات مہیا کی جا سکیں۔ CHEER کی جانب سے فراہم کردہ تشریحی خدمات کو فروغ دینے کے لئے اہم EM زبانوں (مثلاً، ٹیگالاگ، بھاشا انڈونیشی، تھائی، ہندی، اردو، نیپالی اور پنجابی) میں پوسٹرز کو ملازمت کے مراکز اور صنعت کی بنیاد پر بھرتی مراکز کے اندر نمایاں جگہوں پر آویزاں کیا گیا ہے۔ مذکورہ بالا مراکز نے ان EM زبانوں میں تشریحی خدمات متعارف کرانے کے لئے فارم بھی تیار کیے ہیں اور ہر EM زائرین کو یہ معلوم کرنے کے لئے فارم پر دستخط کرنے کی دعوت دی جاتی ہے کہ آیا اس طرح کی خدمت کی ضرورت ہے یا نہیں۔
- ملازمت مراکز خصوصی کاؤنٹر کو آپریٹ کرتے ہیں کام اور EM ملازمت کے متلاشیوں کے لئے مخصوص بنائی گئی روزگار ابتدائی ہدایات کا انتظام کرتے ہیں۔ ملازمت کے مراکز اور iES ویب سائٹ پر بالترتیب، EM ملازمت کے متلاشیوں کے لئے روزگار کی معلومات فراہم کرنے والے وسائل کارنر اور ایک وقف شدہ ویب صفحہ (http://www.jobs.gov.hk/EM) بھی قائم کے گئے ہیں۔
- ملازمت کی خالی آسامیوں پر اہم معلومات کو iES ویب سائٹ کے ذریعے چینی اور انگریزی دونوں میں خبرعام کیا جاتا ہے اس کی موبائل ایپلیکیشن آسامی تلاش ٹرمینلز کو بھی ملازمت کے مراکز اور دیگر مفید مقامات پر نصب کیا جاتا ہے۔ ملازمت کے آرڈرز دیتے وقت آجروں کو زبان کی ضروریات میں نرمی دینے کی ترغیب دی جاتی ہے، اور LD نے کچھ اور عمومی پوسٹوں کی پہلے سے ترجمہ شدہ نمونہ ڈیوٹی فہرستیں بھی وضع کیں ہیں تاکہ iES کی ویب سائٹ کے

ذریعہ اسامیوں کے احکامات پیش کرتے وقت بیک وقت چینی اور انگریزی زبان میں متعلقہ معلومات فراہم کرنے میں آجروں کو سہولیات فراہم کی جا سکے۔

- EM ملازمت کے متلاشیوں کے لئے روزگار کی خدمات کے استعمال میں سہولت دینے کے لئے، متعلقہ اشاعتی کتابچے چینی، انگریزی اور بڑی EM زبانوں میں دستیاب کیے جاتے ہیں۔

- LD EM ملازمت کے متلاشیوں کو ان کی ملازمت کی تلاش میں سہولت دینے اور انہیں تازہ ترین لیبر مارکیٹ معلومات فراہم کرنے کے لئے بڑے پیمانے پر اور ڈسٹرکٹ کی بنیاد پر شمولیتی ملازمت نمائشوں کا انتظام کرتا رہا ہے۔

- EMs کی ملازمت کی ضروریات کو بہتر طور پر سمجھنے میں ان کے لئے اور EM ملازمت کے متلاشیوں کے درمیان اپنی ملازمت کی خدمات کو فروغ دینے کے لئے LD خدمات فراہم کرنے والی غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) کے ساتھ قریبی روابط میں رہا ہے۔

- LD نے نوجوانان روزگار اور تربیتی پروگرام کے زیر تربیت افراد کی خدمات حاصل کرنے کے لئے نسلی اقلیتوں کے لئے ملازمت کی خدمات سفیر (ESA) پروگراموں کا نفاذ کیا ہے جو ملازمت مراکز، صنعتی-بنیاد پر بھرتی مراکز اور ملازمت نمائش میں کام کرنے اور ایک جاری ملازمت پر تربیت کے لئے EM زبانوں میں بات چیت کر سکتے ہیں۔

- LD نے EM ملازمت کے متلاشی افراد کے لئے ملازمت کی خدمات مہیا کرنے کیلئے ایک پائلٹ بنیاد پر شام شوئی پو میں کولوون مغربی ملازمت مرکز اور ٹن شوئی وائی میں ایک-سٹام میں ملازمت میں دو ملازمتی معاونین کی خدمات حاصل کیں ہیں جو EM زبانوں میں ماہر ہیں۔

مستقبل کے کام کی تشخیص

- LD EM ملازمت کے متلاشیوں کے لئے اپنی خدمات کا وقتاً فوقتاً جائزہ لے گا اور مناسب طور پر بہتریاں لائے گا۔

کیے گئے / کیے جانیوالے اضافی اقدامات

مندرجہ ذیل اضافی اقدامات کو اپنایا گیا ہے/اپنایا جائے گا --

- LD نے ملازمت کے دوران تربیت کی مدت میں ان ESAs کیلئے توسیع کر دی ہے جو ستمبر 2018 چھ ماہ سے ایک سال تک شامل رہے ہیں۔

- LD این جی اوز کے ساتھ مل کر کیس مینجمنٹ اپروچ کے ذریعہ EM ملازمت کے متلاشی افراد کے لئے روزگار کی خدمات فراہم کرنے کے لئے ایک پائلٹ پروگرام کا آغاز کرے گا تاکہ NGOs کے کمیونٹی نیٹ ورک، کیس مینجمنٹ میں مہارت اور EMs کی خدمت میں تجربات کو استعمال کیا جا سکے۔

استفسارات/شکایات

اگر آپ استفسارات/تجاویز پیش کرنا چاہتے ہیں، تو برائے مہربانی LD کے کسی بھی ملازمت مراکز/بھرتی مراکز سے رابطہ کریں، یا LD کے ایمپلائمنٹ سروسس ڈویژن کو esd-enquiry@labour.gov.hk پر ای میلز بھیجیں۔ ملازمت مراکز/بھرتی مراکز کی رابطہ کی معلومات ذیل کے لنک کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہیں:

http://www1.jobs.gov.hk/1/0/WebForm/information/en/our_service/info_jobcentres.aspx

لیبر اور ویلفیئر بیورو
لیبر ڈیپارٹمنٹ
جولائی 2019